© rasailojaraid.com



عبدالقیوم حقانی

# تعارف و تبصرہ کتب

تبصرہ کتاب کی مجموعی حیثیت پر کیا جاتا ہے تمام جزئیات سے ادارہ کا اتفاق ضروری نہیں

## ریاض الصالحین مترجم

تالیف، امام محی الدین ابی زکریا بن شرف نودی
اردو ترجمہ، مولانا قیام الدین الحسینی مدظلہ

صفحات جلد اول ۴۴۰ جلد دوم ۹۱۰

ناشر! مکتبہ مدنیہ، ۱۷ اردو بازار لاہور

سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم دین میں حجت ہے اور حضور کی سنت مطہرہ کی اتباع کے بغیر ایک مسلمان کے لئے چارہ کار ہی نہیں ۔ ریاض الصالحین کا مقصد تالیف بھی سنت رسول کی تعلیم و اشاعت اور عملی زندگی میں علوم نبوت کا فروغ ہے ۔ امام محی الدین ابوزکریا بن شرف نووی کی یہ کتاب روز اول سے اکابر علماء و اساتذہ حدیث اور داعیین دین کا معمول بہا رہی ہے اور امت کا ایک بڑا حصہ اس سے اعتناء کرتا رہا ہے مختلف زبانوں میں اس کے تراجم بھی ہوئے اردو میں بھی متعدد تراجم شائع ہوئے برادرم مکرم حضرت مولانا قاری قیام الدین صاحب نے اپنے ذوق اور جذبہ اشاعت و خدمت حدیث کے پیش جس قدر سلیس، جامع، اور دلچسپ ترجمہ شائقین علوم نبوت کے لئے منظر عام پر لائے ہیں وہ اپنی مثال آپ ہے مولانا قیام الدین صاحب اپنی متعدد کتب بالخصوص سیدنا حضرت معاویہ کی سیرت و سوانح کی نسبت سے علمی حلقوں میں معروف اور پسندیدہ مصنف ہیں ۔ ریاض الصالحین کا اردو ترجمہ موصوف کا تیر بہ ہدف انتخاب ہے درسی اور تبلیغی حلقوں سمیت کسی بھی گھر اور لائبریری کو اس کتاب سے خالی نہیں ہونا چاہیئے

کتاب دو جلدوں میں ہے اصل عبارات پر اعراب بھی ڈالے ہیں مکتبہ مدنیہ نے اپنی روایات کے شایان شان کتاب کو عمدہ ترین زیور طباعت سے آراستہ کیا ہے ۔بہترین کاغذ، مضبوط جلد بندی، قیمت درج نہیں

## مساجد اسلامی معاشرے کا مرکز و محور

تالیف ! علی اصغر چودھری ۔ صفحات ۲۱۶
قیمت ۲۴ روپے

ناشر ! حرا پبلیکیشنز ، فضل الٰہی مارکیٹ اردو بازار لاہور

یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ مساجد ہی اسلامی معاشرے کا مرکز و محور ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے بعد سب سے پہلے مسجد قبا کی بنیاد رکھی، مسجد نبوی عبادت گاہ بھی تھی اور تعلیم گاہ بھی رؤساء سے سیاسی مذاکرات اور تبلیغ کے لئے وفود بھی یہاں سے بھیجے تھے ۔ مسجد مجالس شوریٰ کا بھی مرکز تھی اور دفاع کا اہتمام بھی یہاں سے ہوتا تھا مساجد اسلام کا شعار ہیں مولف نے مسجد کی اہمیت و فضیلت، مسجد اور قرآن، مسجد ضرار، مساجد کے آداب، مسجد کے ملحقات ولوازمات، مسجد کی ظاہری و روحانی آبادی، کرہ ارض کی سب سے پہلی مسجد، قبا، مسجد نبوی اور مسجد الحرام سمیت پاکستان کی حسین تاریخی مساجد پر مفصل تبصرہ کیا ہے کتاب ہر لحاظ سے نافع اور عام لکھے پڑھے لوگوں کے لئے بھی مفید ہے ۔ حرا پبلی کیشنز نے شاندار



© rasailojaraid.com